مضمون

کسی بھی عنوان پر معلومات یکجا کرکے اس کے ذیلی موضوعات پر روشنی ڈالتے ہوئے دلچسپ اور جامعہ مواد کو ترتیب، تسلسل اور روانی کے ساتھ پیش کرنا یا کسی موضوع پر ترتیب کے ساتھ اظہار خیال کرنا "مضمون" کہلاتا ہے۔
مضمون کو تین اجزاء میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

۱ تمہید جس میں موضوع کا تعارف کروایا جاتا ہے
۲ نفس مضمون جس میں موضوع کی تفصیلات بیان کی جاتی ہیں۔
۳ خاتمہ

Scanned by CamScanner

افسانہ

افسانہ اردو ادب کی ایک اہم اصطلاح ہے۔ داستان اور ناول کے بعد اس نے مقبولیت حاصل کی ہے۔
افسانہ کو انگریزی میں شورٹ اسٹوری کہا جاتا ہے۔عام طور پر ایک ایسی فرضی کہانی کو افسانہ
کہا جاتا ہے جو حقیقت کے قریب ہوتی ہےاور اس میں زندگی کی تلخ حقیقتوں کی
عکاسی کی جاتی ہے۔افسانہ نگار اپنے گرد کے ماحول سے افسانے کا مواد حاصل کرتا ہے۔
افسانہ قدرے مختصر ہوتا ہے اور ایک ہی نشست میں پڑھا جاسکتا ہے۔اس کی سب سے بڑی
خوبی ہی اس کا مختصر ہونا ہے۔افسانہ زندگی کے کسی ایک رخ کی عکاسی کرتا ہے۔
افسانے کے درج ذیل اجزائے ترکیبی ہیں.
پلاٹ، کردار، مکالمہ، عنوان اور اختتام

Scanned by CamScanner

ناول

ناول اطالوی زبان کے لفظ Novellaسے نکلا ہے ۔ ناولا کے معانی ہیں نیا۔ لغت کے اعتبار سے ناول کے معانی نادر اور نئی بات کے ہیں۔ لیکن صنف ادب میں اس کی تعریف بنیادی زندگی کے حقائق بیان کرنا ہے۔ ناول کی اگر جامع تعریف کی جائے تو وہ کچھ یوں ہو گی کہ "ناول ایک نثری قصہ ہے جس میں پوری ایک زندگی بیان کی جاتی ہے" ۔ناول کے عناصر ترکیبی میں

کہانی ، پلاٹ ، کردار ، مکالمے ،زماں و مکاں، اسلوب ،نکتہ نظر

اور موضوع وغیرہ شامل ہیں۔

"ناول کے اجزاء"

1= کہانی 2= پلاٹ 3= کردار 4= انداز نظر 5= زبان و بیاں 6= منظر نگاری

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

مکتوب نگاری

خط یا مکتوب دو افراد یا ادارے کے درمیان اطلاعات و معلومات کے لیے لکھا جانے والا پیغام ہے۔
جو لوگ ایک دوسرے سے فاصلوں پر رہتے ہیں، تبادلہ خیال کے لیے اور خیریت جاننے کے لیے بے چین رہتے ہیں۔ ماضی میں نظروں سے دور رہنے والوں کے آپسی تبادلہ خیال کا ایک ہی ذریعہ خط تھا۔ مختلف النوع جذبات، احساسات، خیالات اور اطلاعات تحریر کر کے ترسیل کا انتظام کرنا مکتوب نگاری کی خصوصیات ہیں۔

اسے آدھی ملاقات بھی کہا جاتا ہے چونکہ مکتوب نگار صرف اپنے حال کا اظہار کرتا ہے وہ مکتوب الیہ کی حالت سے واقف نہیں ہوتا

داستان

اسے اردو نثر کی اولین صنف قرار دیا گیا ہے۔ داستان جھوٹی کہانی یا من گھڑت قصہ ہوتی ہے۔
داستان وہ طویل کہانی ہے جو حقیقی زندگی کے بجائے محیر العقول واقعات سے تعلق رکھتی ہے۔
ایسی کہانی میں مافوق الفطرت واقعات کا ایک سلسلہ ہوتا ہے۔
داستان میں چوں کہ حواس کے اعتبار میں آنے والے واقعات نہیں ہوتے، اس لیے دلچسپی اور تجسس
داستان کے اہم اجزا ہیں۔

Scanned by CamScanner

انشائیہ

انشائیے کے سلسلے میں اہم بات یہ ہے کہ ناول، افسانہ یا مضمون کے برعکس انشائیے کا انداز غیر رسمی ہوتا ہے- انشائیے کو اگر کسی خاص ترتیب کا پابند بنانے کی کوشش کی جائے تو اس کی انفرادیت مجروح ہو گی- شگفتگی اور تازگی انشائیے کی بنیادی صفت ہے- عموما ہر نثر پارہ اپنی حیثیت میں مکمل ہوتا ہے- مگر انشائیے میں اکثر اوقات عدم تکمیل کا احساس ہوتا ہے-انشائیہ نگار، مضمون نویس کے برعکس کوئی حتمی نتیجہ نہیں نکلتا- انشائیہ مائل بہ اختصار ہے-

انشائیے کے موضوعات میں بڑا تنوع ہے- انشائیہ لکھنے والے کی شخصیت اور اس کے داخلی تاثرات کا ترجمان ہے- انشائیہ در حقیقت شخصی اور غیر شخصی یا داخلی اور خارجی پہلوؤں کا سنگم ہے- انشائیہ نگار کسی مقصد یا اصلاح کی خاطر قلم نہیں اٹھاتا وہ کوئی نتیجہ اخذ کرتا ہے اور نہ کوئی مشورہ دیتا ہے-

اس کا انداز غیر رسمی ہے- شگفتگی اور تازگی، اکثر اوقات نامکمل باقی رہتا ہے- حتمی نتیجہ نہیں نکلتا ہے- مائل بہ اختصار ہے- انشائیہ در حقیقت شخصی اور غیر شخصی یا داخلی اور خارجی پہلو کا سنگم ہے- انشائیہ نگار کا مقصد اخذ نتیجہ یا مشورہ دینا نہیں-

Scanned by CamScanner